© rasailojaraid.com



حنفی فقہ مالکی' فقہ شافعی' فقہ حنبلی' فقہ ظاہری' اصول فقہ' فقہ المقارن' فقہ القضاء تاریخ' سیرت نبوی' لغات عربی' ادب عربی' معاجم عربی' شعر عربی کے تحت ۹ الگ الگ موضوع پر ۱۲ ہزار کتابیں ہیں اس سی ڈی کے ساتھ ایک مکمل فہرست بھی ہے۔

**ڈنمارک کے دارالحکومت میں عربی زبان کی تدریس:**

ڈنمارک کی راجدھانی بیگن کے تمام اسکولوں میں عربی زبان کی تدریس کا فیصلہ کیا گیا ہے' شہر کے نائب میئر جلکارڈ نے کہا کہ ہم نے طلبہ کے اختیاری مضامین میں عربی کو بھی شامل کیا ہے' اور ہم چاہتے ہیں کہ یہاں کے تمام اسکولوں میں انگریزی' فرنچ اور جرمن کے ساتھ ساتھ عربی کو بھی ثانوی زبان کی حیثیت سے متعارف کرایا جائے' اس لئے ان چاروں زبانوں کی تعلیم ابتدائی درجات سے فراہم کرنے کا اہتمام کیا جائے گا اور طلبہ کو اپنی پسند کی زبانوں کے انتخاب کرنے کا حق دیا جائے گا اس مرحلہ کو طے کرنے کے بعد وہ دسویں میں جاسکیں گے اس کا مقصد عرب مہاجرین کی بڑی تعداد کی تعلیمی ضرورت کی تکمیل کے ساتھ ساتھ ان سے خوشگوار تعلقات اور تجارت کو فروغ دینا ہے۔

## محبوبیت دلانے والی صفات

خلوص' قربانی اور ایثار و خدمت کا جذبہ محبوبیت دلانے والی صفات ہیں' حکومتیں اس کے جلو میں چلتی ہیں' تمدن اور تہذیبیں اس کا رکاب تھامتی اور اس پر فخر کرتی ہیں۔ اگر یہ نہیں ہے تو نہ حکومت کا بھروسہ ہے نہ عہدوں کا' نہ سیاسی دانش مندی اور جوڑ توڑ کا' آج ضرورت ہے کہ ہمارے مسلمان نوجوان یہ ثابت کریں کہ ہم میں زیادہ صلاحیت کار (Efficiency) ہم میں زیادہ احساس ذمہ داری' ہم میں زیادہ فرض شناسی اور ایمانداری ہے۔ ہم کو لاکھوں روپے رشوت دی جائے اور ہم کو روپے کی سخت ضرورت ہو تو ہم اس کو ہاتھ لگانا بھی حرام سمجھیں گے بلکہ رشوت پیش کرنے والے سے کہیں گے تم نے میری اور میری ملت کی توہین کی۔ تمہیں یہ خیال کیسے آیا کہ کوئی مسلمان رشوت لے سکتا ہے؟ تمہارا چہرہ یہ بتائے کہ جیسے تمہیں کسی نے گالی دے دی' مسلمان زندگی کے جس محاذ پر بھی ہو وہ کردار کا ایک نمونہ ثابت ہو وہ اپنے عمل سے ثابت کردے کہ اس کا کوئی فرد یا پارٹی' بلکہ حکومت بھی خرید نہیں سکتی' ملت کا مستقل مسئلہ کردار ہی سے حل ہوگا' مسلمانوں کے ایک باعزت ملت کی حیثیت سے رہنے کا یہی واحد راستہ ہے۔

(حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ) (تحفہ دکن)

© rasailojaraid.com